## سوال

(344) عورت کا اس حالت میں سجدہ تلاوت کرنا کہ اس کے سر پر کپڑا نہ ہو؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عورت کو تلاوت قرآن کرتے ہوئے اگر سجدہ تلاوت آجائے اور اس کے سر پر اوڑھنی نہ ہو تو کیا وہ اس حالت میں سجدہ کرے یا نہیں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے افضل اور بہتر یہی ہے کہ دوران تلاوت میں سجدہ کے لیے اس کا سر ڈھانپا ہوا ہو۔ لیکن اگر وہ یہ سجدہ ننگے سر بھی کر لے تو ہمیں امید ہے کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ سجدہ تلاوت کے لیے نماز والا حکم نہیں ہے، یہ محض اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے عجز وانکسار کا اظہار ہے، اور اسی طرح کا ایک قرب کا عمل ہے جیسے دیگر اذکار اور اعمال خیر ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام ومسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 291**

محدث فتویٰ